# ۵

# نَو کا چکّر


2XSP8Z

دیپُو : کیا بات ہے بھولُو، تم اِس قدر پریشان کیوں ہو؟

بھولُو : عجیب بات ہوگئی دیپُو بھیّا۔ کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا ہے۔

دیپُو : ہوا کیا؟ کچھ بتاؤ تو۔

بھولُو : میں آج صبح میلے میں گیا تھا۔



دیپُو : تو پھر؟

بھولُو : وہاں میں نے یہ نو گدھے خریدے۔

دیپُو : پھر کیا ہوا؟

بھولُو : میں نے اُن کو اچھّی طرح گِن لیا تھا۔ نو ہی تھے۔ میں ایک گدھے پر بیٹھ گیا اور گاؤں کی طرف چل پڑا۔ تھوڑی دُور چل کر خیال آیا کہ کہیں ایک آدھ گدھا اِدھر اُدھر نہ نکل گیا ہو۔

دیپؤ : تو پھر گِن لیتے!

بھولؤ : وہی تو کیا میں نے۔ گِنا تو صرف آٹھ گدھے تھے۔

دیپؤ : ارے! ایک گدھا کہاں چلا گیا تھا؟

بھولؤ : چاروں طرف دیکھا، نظر نہیں آیا۔ آخر مَیں گدھے سے نیچے اُترا اور پھر گِنا تو نو گدھے پؤرے تھے۔

دیپؤ : چلو، تمھارا کھویا ہوا گدھا واپس مل گیا۔ اب ان سب کو لے کر جلدی سے گھر چلے جاؤ۔

بھولؤ : کیسے جاؤں بھیّا۔ ایک گدھا پھر گُم ہو گیا ہے۔

دیپؤ : ارے! ابھی تو تم کہہ رہے تھے کہ نو کے نو ہیں۔

بھولؤ : نو کہاں، پھر آٹھ رہ گئے۔ جب میں نے گاؤں کی طرف جانے سے پہلے انھیں گِنا تو پھر ایک گدھا کم تھا۔ دیکھو میں تمھارے سامنے گنتا ہوں؛ ایک، دو، تین، چار، پانچ، چھے، سات، آٹھ۔ دیکھا! صرف آٹھ رہ گئے۔

دیپؤ : آٹھ گدھے ہیں نہ نو۔ مجھے تو پؤرے دس گدھے نظر آ رہے ہیں۔

بھولؤ : مجھے نواں گدھا نہیں مل رہا ہے۔ تمھیں دسواں کہاں سے نظر آنے لگا؟

دیپؤ : دیکھو! یہ آٹھ گدھے تو تم نے ابھی گِنے۔ ہیں نا۔ ایک، دو، تین، چار، پانچ، چھے، سات، آٹھ۔ نواں گدھا جس پر تم بیٹھے ہو۔

بھولؤ : ارے ہاں! اور دسواں؟

دیپؤ : وہ جو نویں گدھے پر بیٹھا ہے! (شیخ قاسم رضا)

## مشق

❁ **ایک لفظ میں جواب لکھو:**

۱۔ بھولؤ کہاں گیا تھا؟

۲۔ بھولؤ نے کتنے گدھے خریدے؟

۳۔ گدھے پر بیٹھ کر بھولؤ نے کتنے گدھے گِنے؟

## ❁ ایک جملے میں جواب لکھو :

۱۔ بھولؤ نے میلے سے کیا خریدا؟

۲۔ تھوڑی دؤر چلنے کے بعد بھولؤ کو کیا خیال آیا؟

۳۔ بھولؤ گدھے سے نیچے کیوں اُترا؟

۴۔ دیپؤ نے دسواں گدھا کسے کہا؟

## سرگرمی :

اِس مکالمے کو کہانی کی شکل میں اپنے دوست کو سناؤ۔

## ❁ ان جملوں کو غور سے پڑھو :

تم اس قدر پریشان کیوں ہو؟

ایک گدھا کہاں چلا گیا تھا؟

تمھیں دسواں گدھا کہاں سے نظر آنے لگا؟

اِن جملوں کے آخر میں نشان (؟) لگایا گیا ہے۔اس نشان کو **'سوالیہ نشان'** کہتے ہیں۔ یہ نشان ہر سوال کے آخر میں لگایا جاتا ہے۔

❁ سبق 'میٹھے بول میں جادؤ ہے' سے ایسے تین جملے تلاش کر کے لکھو جن کے آخر میں سوالیہ نشان لگا ہوا ہے۔

